
FORTNIGHTLY

CRESCENT TORONTO

VOL.3, NO.2 — AN URDU-ENGLISH BI-WEEKLY NEWSPAPER TO SERVE PAKISTANI COMMUNITY IN CANADA & USA — APRIL 1, 1974



FORTNIGHTLY
CRESCENT
P. O. Box 296, Station 'H'
Toronto, Ont. M4C 1L0
Canada
EDITOR: LATEEF OWAISI
Telephone (416) 690-1590

وَاعْتَصِمُوا بِحَبْلِ اللَّهِ جَمِيعًا وَلَا تَفَرَّقُوا

HOLD FAST ALL OF YOU TOGETHER TO THE ROPE OF ALLAH AND DO NOT CREATE DISUNITY AMONG YOURSELVES

Heirarchy trouble

In a political "will" announced before his ascendancy to power, Mr. Bhutto had named two persons as his successor should anything happen to him. They represented the left and the right wings of his Peoples Party. The first to part company was the left-wing, Mr. Mairaj Muhammad Khan, a student cum trade union activist, who had quite a role in winning the youth and labour for Mr. Bhutto's party in the 1970 general elections. However; Mairaj's departure, did not mean any weakening of the Party's left-wing. The cabinet continues to have the full spectrum from democratic to agnostic socialists. In the native revolutionary scale Mr. Bhutto was supposed to occupy the same place as Kerensky did before the Bolshevik revolution.

The other successor, Mr. G. M. Khar, who became the Governor of Punjab, and recently its Chief Minister, announced his resignation two weeks ago. This was more notable a development than the earlier departure of Mairaj. Mr. Khar was supposed to represent the party's right-wing but he also symbolised Mr. Bhutto's own fiat. When Mr. Bhutto parted company with Ayub Khan in preparation of his own independent role, Khar, then a back-bencher from Punjab was one of the few who gave succour and support to Mr. Bhutto. The relationship between the two became extremely close. It was Mr. Bhutto's friendship that brought Khar from out of obscurity to a position of absolute authority as Governor of Punjab. Mr. Khar more than repaid this debt by taming a hesitant and defiant Punjab for his master. This naturally meant lack of any scruples and a worst form of terror and tyranny. Earlier the Nawab of Kalabagh had been similarly assigned by Ayub Khan to handle Punjab but Mr. Khar's mandate made him surpass even Kalabagh. Mr. G. M. Khar also exhibited a great skill in keeping the Party well-herded and withstood the setback suffered by the resignation of such stalwarts as the former Law Minister and Party Vice-Chairman, Mahmood Ali Kasuri. His greatest success had been in "winning" all the bye-elections for the Party in Punjab.

The causes behind his fall are nearly the same as were those for Kalabagh: independence and ambition. It is difficult, however, to see Khar having come to the stage where he could really see himself succeeding/replacing Mr. Bhutto. He had been trying to make overtures even to Jamaat-e-Islami, and alternatively the Islami Jamiat-e-Talaba: the latter have come to dominate, since the last three years, the student scene in Pakistan. This, no doubt, was at his master's behest, but probably he exceeded his mandate without being able to net either of the two. In deference to the mood in the province, Mr. Khar was also not keen on the recognition of Bangladesh, but he over-played his hand, when last February student "delegates" from Punjab tried to create pandemonium in a national convention of party students at Karachi. The convention had been organised by the henchmen of Mr. Pirzada, the young and charming Law Minister, who had been displacing Mr. Khar from his number two position in the hierarchy, and that was reason enough to see it end in failure. The pandemonium went too far and the Prime Minister had to leave the meeting without being able to address the delegates.

Having firmly established himself in power Mr. Bhutto apparently feels that he needs to refine his methods. The reshuffle of his cabinet promised for the next month will provide some clues to the immediate future shape of his regime. Students of Pakistan futurology foresee the regime donning an Islamic mantle and, if all goes well, a general election within the next six to twelve months. Victories in the recent bye-elections have shown how the general elections too can be won. There is however another appreciation according to which Mr. Bhutto now stands exactly where his mentor, Ayub Khan, stood after Tashkent and after the "resignation" of Kalabagh. History would not have to repeat itself, if its lessons are learnt.

Challenge of Bangladesh Transition

By a Special Correspondent

Four days from today, Bangladesh would be celebrating the third anniversary of its assumed declaration of independence on 26 March 1971. Such a date had to be a post facto assumption because no such proclamation had actually been made. Major Zia is reported to have made such a declaration on 27 March 1971, but Bangladesh constitution refers to the proclamation made on 10 April 1971, by the "Provisional Government of Bangladesh" in "Mujibnagar."

The most tangible achievement since then has been Sheikh Mujib's success in obtaining recognition from Mr. Bhutto without apparently yielding anything in return. This has now put a seal of political recognition to a happening which historians tomorrow are bound to look at, more dispassionately than is possible today. Reactions to this mutual recognition in Bangladesh have varied between an overt welcome and a resigned acceptance.

While Sheikh Mujib is naturally exhilerated, the most notable and grateful of the acknowledgement was from Abdul Quader Siddiqui described as the "tiger of Tangail" and one who achieved limelight by the world-televised bayonetting of "collaborators" in Dacca soon after the fall of the city. He sent a telegram of thanks to Mr. Bhutto through the BBC. For those Bengalis who still cherish their Pakistani affinity recognition brought both agony and relief. Something like you experience after the amputation of a vital limb of yours after going through an unhappy and involuntary accident. For once after three years, Bangladesh heard the cry of "Pakistan Zindabad" alongside "Bangabandhu Zindabad" but as a left-wing columnist noted there was yet no "Joy Bangla". It were the Indians who were unsure whether to be happy at having achieved legitimisation for their military intervention or to be concerned about any potential threat to the slackening of their hold on Bangladesh. Independence for Bangladesh now meant independence from India.

It would however be very simplistic to see an automatic togetherness between Bangladesh and West Pakistan or a loosening of India's well-established hold. The Bangladeshis might well under-rate India's firm grip over Bangladesh's political, economic and cultural apparatus but they could hardly afford to over-rate Sheikh Mujib and Awami League's political competence or knowledgeability of statecraft. As for the new Pakistan only a romantic can visualise a ruling party in that country which would invite the majority wing or the former East Pakistan to come and share power with it. At worst the Bangladeshis can rebel, as some of them tried to, during the Pakistan days but India can well let them stew in their own juice. This however assumes that the three sub-continental states, India, Pakistan and Bangladesh, were entirely free to go their own way.



Quader Siddiqui: Burying the bayonet

Bangladesh on the other hand presents the challenge of finding/developing an alternative and honest and capable leadership which can in due course take over and prevent the country from falling into chaos after the sooner-than-anticipated fall of Mujib. Just now the regime is protected closely by three powers, India, USSR and the US but the pattern of this protective relationship is very changeable. Long before has Sheikh Mujib lost his utility, a replacement would be brought in and not impossibly there would be third party attempts to hasten that process. It would thus be illogical to allow a long lease to the set up. Sheikh Mujib in fact has already accused an unnamed foreign power of trying to create a situation in Bangladesh similar to that *created* in Chile (*Times of India*, Bombay, 12 November 1973).

In admitting the threat, the Sheikh Indeed was trying to forestal it, but would he be able to do that and for how long? In a situation where independence was virtually thrust over him, Sheikh Mujib's failure to rise to the occasion has been most dismal and rather unfortunate.

Earlier this month Mujib seemed to be addressing himself to the grave problem of lawlessness, smuggling and corruption in Bangladesh and he advised people to take the law into their own hands and beat those who indulged in these crimes. "Beat them hard with your fist, my order is there, if you can catch them beat them up so, but do not kill them. After a thorough beating and rubbing hand them over to the Police Stations. They will be fixed after taking a little gruel." Leading a nation and running a state was no fix-up business. It was an admission of failure as well as invitation for more failures to come.

Clearly the whole thing is beyond him and the Sheikh is simply lost. He told the same meeting: "Another group of persons has cropped up and I don't know wherefrom Allah had brought them to my country. I have never seen them before nor heard of them. As soon as darkness descends they come out with their guns to commit robbery. They commit robbery in one house, murder in another and kill and rob. . . . If the poor are plundered (so) in Bangladesh then death in Pakistani prison would have been much preferable." The Sheikh had no regrets that the Pakistanis had taken away everything but he asked "if they had also taken away the character of a group of people?" Naturally the problems are basic and not a matter of simple option between being plundered in Bangladesh or doomed to death in the Pakistani prison. Sheikh Mujib's appreciation of his problems, however, precluded any optimistic expectations from his kind of leadership.

That the Awami League has been losing both internal discipline and public support was known but it became more than manifest in the last January's elections to the local councils. The Awami League was not in a position to select and designate party candidates and the results show that the League could win no more than 25% seats. On the other hand a large number of the Independents was drawn from the banned political parties and from the rank of the "collaborators". In fact this association was a factor in their success. Talking of opposition, Bangladesh presents a rather curious phenomenon. While opposition to the Awami League is very wide spread, very vocal and very strong, there is no opposition party which can singly or in coalition with others present itself as an alternative government. There is much opposition but there is no opposition party and the absence of viable opposition party/parties was no less a serious problem in Bangladesh's plethora of proliferating and unresolved problems.

Muslims single entity—Qaiyum

Pakistan's foreign policy independent

PESHAWAR, March 9: Khan Abdul Qaiyum Khan, Federal Minister for the Interior, States and Frontier Regions, has said that Pakistan is pursuing an independent foreign policy based on supreme national interests and the glory of Islam.

Addressing a public meeting at Nowshera, the Interior Minister said that the recent Islamic Summit Conference at Lahore was glaring proof of this.

Khan Qaiyum reiterated that Pakistan was a well-wisher of Afghanistan and was willing to provide every possible assistance to her in her development. The people of Pakistan would, however, not tolerate any interference in the internal affairs of this country, he declared amidst prolonged applause.

Khan Qaiyum, who also addressed a public meeting at Charsadda and spoke at length on the achievements of the Islamic Summit Conference, said that the Conference had established that Muslims were a single entity, irrespective of geographical barriers. The success of the Conference was being commended throughout the world, he said.

The Interior Minister also referred to the recognition of Bangladesh and described it as 'bold and wise' step taken by Prime Minister Zulfikar Ali Bhutto at a right time. He urged the critics of the Government's decision to consider the matter dispassionately and realistically and hoped that they would also realise that the 75 million Muslim Bengalis, who had struggled shoulder to shoulder with other Muslims of the Sub-Continent for independence from Anglo-Hindu hegemony, could not be left at the mercy of India.

Turning to internal issues, Khan Qaiyum bitterly attacked the protagonists of the concept on nationalities and described them as enemies of Pakistan. He urged the people to guard against their designs.

He also recalled the role of the Red Shirts during the independence movement and said that the slogans of 'Akhund Bharat' and the so-called Pakhtoonistan were two sides of the same coin. He, however, paid tributes to the people of NWFP, who had rejected those who raised such slogans.—APP.

Bhutto in touch with Wali Khan

Prime Minister Bhutto is in constant touch with the NAP leader, Khan Abdul Wali Khan, who is in London for eye treatment, according to the BBC correspondent in Karachi. He is expected to return to Pakistan next week and Mr. Bhutto will hold talks with him about the situation in Baluchistan.

2 more killed in Gujerat

NEW DELHI, March 14: Two persons were shot dead and three wounded in police firings yesterday—the 62nd consecutive day of anti-Government demonstrations in Gujerat.—Reuter.

Egyptian M.Ps. in Islamabad

ISLAMABAD, March 16: The 10-man parliamentary delegation of the Arab Republic of Egypt, arrived here today from Karachi.—APP.

Arms production to be increased: Bhutto

Collaboration with friends being sought

WAH, MARCH : PRIME MINISTER BHUTTO SAID HERE TODAY PAKISTAN WAS SEEKING COLLABORATION WITH WEALTHY FRIENDLY NEIGHBOURS IN THE FIELD OF PRODUCTION OF ARMS AND AMMUNITION FOR MEETING HIS DEFENCE NEEDS AS WELL AS OF THOSE COUNTRIES

Addressing officers of the Pakistan Ordnance Factories he said the objective of this arrangement was to meet the defence needs without any aggressive intentions.

Mr Bhutto said such deals, when they came off, would mean a purely economic and commercial transaction. Pakistan, he said, has a good deal of spare installed capacity to produce arms and ammunition, coupled with highly skilled labour, which it planned to use for the defence of Pakistan as well as the defence of the friendly countries. Pakistan always has used its Ordnance production for defence purposes as shown by the 1965 and 1971 wars, and this policy would be adhered to at all times, he said, and added that the present and future ordnance production programme has no aggressive intentions.

Mr. Bhutto, who earlier in the morning visited various workshops of the Ordnance Factories and met the workers, said he first saw the factories in 1958, when the establishment was in its infancy. Today's visit after 16 years showed many changes and progress.

"But when we compare our needs with the advanced nations, it means that we still have a long way to go", he said.

Prime Minister Bhutto said he was aware of the limitations on operations of the factories.

He said the POF has no dearth of skilled labour, technical knowledge, or the infrastructure, but its limitations were that of finance. In this way the situation was tragic because on the one hand, the POF had the potential of producing arms and ammunition but lacked proper finances, while on the other, there were wealthy friendly and neighbourly countries which did not have these facilities and had to buy arms and ammunition from traditional markets.

Explaining Pakistan's policy in the field of ordnance production, Prime Minister Bhutto said: "As you all are aware, the weapons we make are not for aggression, but purely for our defence.

6 more killed in Bihar

PATNA, March : Violence continued unabated in Bihar on the sixth straight day today. At least six persons were killed in police firings raising the death toll to 30.

Reports of looting and destruction of Government property continue to pour in from all over the Province belying Chief Minister Abdul Ghafur's claim that the army had been successful in bringing the situation under control.

Official sources today blamed the extreme Right (the Jan Sangh, the RSS and Anand Mar) and the extreme Left for 'organised' rioting in the state.

Meanwhile, Opposition parties in Lok Sabha, which debated the Bihar situation for seven hours today, demanded the dismissal of the state's Cabinet and dissolution of its legislature. Mr. Jyoti Basu of the CPI (M) urged the Provincial Government to resign. —BBC.

U.S. policy restricts foreign students

WASHINGTON — Foreign students who want to attend U.S. colleges are having a tough time getting visas this year, apparently as a result of a Government policy to cut the number of illegal aliens. About 15,000 foreign nationals attend colleges in the United States. Officials are concerned that this year's more restrictive State Deparment policy may reduce this figure and restrict attendance to students from wealthy families. New regulations require embassies granting visas to apply more stringent English-language tests and to ensure that students can pay for their education.

Bhutto hopes 195 POWs will be back soon

WAH, March : Prime Minister Zulfikar Ali Bhutto today expressed the hope that the forthcoming New Delhi talks between representatives of India, Pakistan and Bangladesh would satisfactorily solve the problem of the 195 Pakistani prisoners of war and that these persons would return in the near future.

Addressing the POF workers here, he said a date had already been fixed for negotiations between the three countries (April 5) to discuss repatriation of those 195 POWs whom Bangladesh was treating separately from the 90,000 POWs.

He said Pakistani representatives would go to Delhi next month, and he had every hope that the outcome would be a happy one for Pakistan.

Mr. Bhutto said out of the 90,000 POWs, about 15,000 were yet in India, and were expected to be repatriated in four to six weeks.

There won't be any more nationalisation

RAWALPINDI, March : Reiterating the Government's declared policy that there will be no further nationalisation of industry, Prime Minister Bhutto made it clear that his Government will not hesitate to have its promise to the people fulfilled should any individual unit fail to respond to the national objectives.

The Prime Minister was speaking on the occasion of the Fauji Foundation stone-laying ceremony of the Fauji Cotton Mills at Hasan Abdal this morning.

He said the Government was encouraging the production of the basic raw material required for the manufacture of cloth. The Government, he said, proposed to set up a target of five million bales of cotton for the Fifth Plan period.

The Prime Minister said the cotton industry was important for the country. Besides provision of job opportunities, this industry had earned handsome quantities of much-needed foreign exchange. "It is essential for us to keep our export diversified."

The Prime Minister in his speech thanked the Government and the People's Republic of China for their help in the project and said, this would be yet another landmark of "our lasting friendship between the peoples and the Governments of our two countries."—APP.

Khar to remain friend

RAWALPINDI, March : Answering questions about changes in the Punjab, Prime Minister Bhutto discounted speculations in the Press which, he added, had sensationalised things for nothing.

Talking to newsmen here today, Mr. Bhutto said he had good relations and friendship with the ex-Chief Minister, Mr. Ghulam Mustafa Khar. "We have been together and will remain together" Mr. Bhutto said.

The Prime Minister who chatted with newsmen in a relaxed mood, told them he was not a man to forget his friends and their services. He said that "political colour" had been given to the events unnecessarily.

When his attention was drawn to slogans raised in support of Mr. Khar, Mr. Bhutto said if some Party workers became sentimental and shouted slogans it did not mean they were asked by Mr. Khar to do so or they reflected the wishes of the ex-Chief Minister.

He said that the Cabinet reshuffle would come after the National Assembly session beginning on March 25.

A new Cabinet "includes new faces as well as old faces" he remarked when asked about the changes he planned to make.—APP.

Cairo leader meets Maudoodi

El-Sayed Aly al-Sayed, leader of the Egyptian parliamentary delegation, called on Maulana Maudoodi and Mian Tufail Muhammad, in Lahore on Thursday, says a Jamaat-i-Islami Press release. He also invited Mian Tufail Muhammad to visit Egypt.—PPI.

بعض عرب ممالک پاکستان کے صنعتی منصوبوں میں سرمایہ کاری پر رضامند ہو گئے ہیں

پاکستان سرمایہ کاری کے لئے مغربی ملکوں کا محتاج نہیں رہے گا

ہنگامی حالت ختم کر کے بنیادی حقوق بحال کیے جائیں: پیر پگاڑو

ارکان اسمبلی بنگلہ دیش کو تسلیم کرنے کے ضمن میں کسی آئینی ترمیم کی منظوری نہ دیں۔



پیر پگاڑو

پاکستان اور کینیا میں ویزا سسٹم ختم کرنے پر غور کیا جا رہا ہے: حامد رضا گیلانی

کینیا اور یوگنڈا کے ساتھ باہمی تجارت کو فروغ دینے کے امکانات روشن ہیں

ملتان ۔ مارچ (نامہ نگار خصوصی) کینیا اور یوگنڈا میں متعین پاکستانی سفیر مخدوم سید حامد رضا گیلانی نے بتایا ہے کہ پاکستان اور کینیا میں ویزا ختم کرنے پر غور کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کینیا افریقہ کا واحد ملک ہے جس نے بنگلہ دیش کو اس وقت تک تسلیم نہیں کیا جب تک پاکستان نے خود اسے تسلیم نہیں کیا۔ انہوں نے نامہ نگار سے ایک خصوصی ملاقات میں بتایا کہ پاکستانی تاجروں کے لئے کینیا اور یوگنڈا میں تجارت کے روشن امکانات موجود ہیں۔ ان دونوں ممالک میں تجارتی رابطے بڑھ رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ عالمی اقتصادی بحران کے دوران یہ پابندی عائد کی گئی تھی کہ ایشیائی ممالک سے چاول کینیا نہیں جا سکتے۔ نصف صدی کے بعد یہ پابندی بھی ختم کی جا رہی ہے۔

بھارت ایٹمی آلات درآمد کرے گا

نئی دہلی ۔ مارچ (رائٹر) بھارت کی وزیر اعظم مسز اندرا گاندھی نے پارلیمنٹ کو بتایا ہے کہ بھارت نے ایٹمی آلات اور سامان برآمد کرنے کے لئے بیرونی منڈیاں تلاش کرنا شروع کر دی ہیں۔

فرانس میں پانچ سو پاکستانی شدید مشکلات سے دوچار ہیں

حصول روزگار کی خوشی میں فرانس پہنچے لیکن ملازمت نہ ملی



لاہور میں طلباء اور طالبات کے جلوس پر لاٹھی چارج اور آنسو گیس

چھ طالب علم اور چار طالبات زیر حراست ۔ دو بسوں کو نذر آتش کر دیا گیا

امتحانات ملتوی کرنے کا مطالبہ مان لیا گیا



حالیہ ہنگاموں کے دوران گرفتار کیے جانے والے طلباء رہا کر دیئے جائیں گے

طلباء کے مسائل پر ہمدردانہ غور کیا جائے گا: وزیر اعلیٰ

آئندہ کسی قسم کی گڑبڑ نہیں ہوگی: طلباء کی یقین دہانی

گوگا نے فری سٹائل چیلنج کشتی میں ٹائیگر جید کو شکست دیدی

بھارت نے پاکستان کے خلاف پروپیگنڈا مہم تیز کر دی

پاکستان کی واضح تردید کے باوجود آل انڈیا ریڈیو بڑی ڈھٹائی سے جھوٹ بول رہا ہے

لیبیا نے امریکہ پر تیل کی پابندی ختم کرنے سے انکار کر دیا

میں نے جو کچھ پایا اس سے زیادہ کھویا، آج میری سیاست ختم ہو گئی، میرے گھر والوں کو اغوا کرنے کی دھمکیاں دی جا رہی ہیں

میں نے کبھی کسی سے بے وفائی نہیں کی
مصطفیٰ کھر

اور ہم نے آپ کو (اے محمدؐ) دونوں جہان کیلئے رحمت بنا کر بھیجا ہے

تحریر
بیگم عطیہ
اویس


(ترجمہ) اور ہم نے تم کو (اے محمدؐ) دونوں جہان کے لئے رحمت بنا کر بھیجا ہے۔ اس آیات کی روشنی میں دیکھئے تو سری کائنات کی بعثت طبقہ نسواں کے لئے سب سے بڑی رحمت ہے تاریخ شاہد ہے کہ بعثت نبوی سے پہلے بھی دنیا اسی طرح سے انسانوں سے آباد تھی، عورتیں، مرد اور بچے جب بھی تھے اور بعثت نبوی کے بعد بھی دنیا اسی طرح انسانوں سے آباد ہے۔ لیکن صنف نازک کے ماضی پر غور کیجئے تو اس کا وجود کوئی اہمیت نہیں رکھتا تھا اسے بحیثیت عورت کیا بحیثیت انسان بھی کوئی حقوق حاصل نہ تھے۔ ... یونان کی حکمت نے وجود زن کو کائنات کے لئے لعنت تشخیص کیا ... قدیم عورت کی مقدس قربان گاہ تھے۔ دنیا کے دوسرے حصوں میں بھی یہی حال تھا کہ رحمۃ اللعالمین تشریف لائے آپ نے انسانیت کو فرش کی پستی سے اٹھا کر عرش کی بلندی پر پہنچا دیا۔ رحمت کی صفت اپنی معنی کے اعتبار سے بڑی وسعت رکھتی ہے اور تمام بلند اخلاقی صفات یعنی ہمدردی، محبت، شفقت، غمگساری، عفو و درگزر، انصاف اور حق پرستی، مروت و عالی ظرفی یہ اور اس قسم کی بہت سی خوبیاں کو جمع کیجئے تو رحمت کا مفہوم پیدا ہوتا ہے ...

یں۔ جب آپ کی ہجرت بتائی گئی تو خوشی سے رو پڑیں۔ ... ایک قافلے میں شامل ہو کر حضرت عبداللہ ابن ... اور ان بچیوں سے مراد عورتیں تھیں کہ اونٹ ... ہجرت کے بعد آپ کی ...

... آپ کے بارے میں ... جہاں سرور کائنات نے عورت کو بیوی کی حیثیت سے شوہر کے مال کا حافظ فرمایا ہے اور ساتھ ہی ساتھ ایک اچھی بیوی کا معیار اپنی بیویوں اور بیٹیوں کو بنایا، آپ نے عورت کو بیٹی کی حیثیت سے رحمت قرار دیتے ہوئے فرمایا "جس کی اولاد میں بیٹیاں ہوں اور بیٹیوں اور بیٹوں میں فرق نہ کرے، ان کی پرورش اور دیکھ بھال محبت کے ساتھ کرے تو قیامت کے دن میں اور وہ اس طرح ساتھ ہوں گے جس طرح ہاتھ کی انگلیاں قریب قریب ہیں" آپ خود اپنی صاحبزادیوں کو بہت چاہتے تھے ... حضرت فاطمہ سے آپ کو بے پناہ محبت تھی وہ جب حاضر ہوتیں تو آپ کا چہرہ خوشی سے کھل اٹھتا اور ...

دعائے خلیل اور نوید مسیحا


وہ جس کا نام نسیم گروہ کشا کی طرح
...
(سراج الدین ظفر)



رسول اکرمؐ کے چند خطوط اور واقعات

آنحضرتؐ کے دعوت اسلام کے خطوط بھیجنے کا نتیجہ یہ ہوا کہ جزیرۃ العرب

اور اس کے باہر اسلام کو فروغ حاصل ہوا



مسجد نبوی اور مدینہ منورہ کا ایک عام منظر

حضورؐ کے تدبر سے واقعات کا رخ بدل گیا

مسلمانوں کو مکہ سے ہجرت کئے پانچ برس ہو چکے تھے۔ مدینہ میں انہیں کئی مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ کیونکہ صرف ایک دشمن سے سابقہ نہ تھا جو ان کے رشتہ دار تھے۔ مدینہ مکہ سے مختلف تھا۔ جہاں کئی قومیں آباد تھیں۔ دو عرب قبائل اوس اور خزرج کے ساتھ ساتھ یہودی قبائل قینقاع، نضیر اور قریظہ بھی آباد تھے جو اوس و خزرج کو آپس میں لڑا کر کمزور کر چکے تھے اور مدینہ کی معیشت، سیاست اور معاشرت پر مسلط ہو چکے تھے۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ تشریف لائے تو آپ نے اوس و خزرج کو متحد کر کے انہیں "انصار" کے معزز لقب سے سرفراز فرمایا اور مکہ سے بے سروسامانی اور کسمپرسی کی حالت میں آئے ہوئے مسلمان مہاجرین کی آبادکاری کے ساتھ ساتھ یہودی قبائل کے ساتھ ایک معاہدہ کر کے ان سے مسلمانوں کی سیادت تسلیم کرائی۔ اسی دوران مسلمانوں میں منافقین کا ایک نیا گروہ پیدا ہو چکا تھا جو مسلمانوں کو ختم کرنے کے لئے یہود اور قریش کے ساتھ سازشوں میں مصروف رہا۔

قریش کے لئے مسلمانوں کی خوشحالی ناقابل برداشت تھی تین سو میل دور رہنے کے باوجود بھی مدینہ پر انہوں نے تین مرتبہ حملے کئے۔ لیکن نہ صرف وہ ناکام رہے بلکہ ان کے حلیف یہودیوں کو بھی منہ کی کھانی پڑی۔ جنگ بدر کے موقع پر بنی قینقاع، احد کے بعد بنی نضیر اور غزوۂ احزاب کے خاتمہ کے بعد یہود بنی قریظہ کا مدینہ سے مکمل انخلا ہو چکا تھا۔

یہودی ماتر کے خاتمہ پر مدینہ کے شمال کی بستیوں خیبر، وادی القریٰ اور تیما کے یہود کی آتش غضب بھڑک اٹھی اور اس امر کا خدشہ قوی تر تھا کہ مسلمان جنوب کی طرف قریش کی جانب انسدادی مہم بھیجیں تو کہیں شمال سے یہود ان پر یلغار کر دیں اور شمال کی جانب یہود کی طرف پیش قدمی کی صورت میں کہیں جنوب سے قریش مدینہ پر چڑھ دوڑیں۔ گویا مسلمان چکی کے دو پاٹوں کے درمیان گھرے ہوئے تھے۔ انہیں ان دونوں کا قلع قمع کرنا تھا اور وہ اس صورت میں ممکن تھا کہ ایک فریق سے صلح کر کے دوسرے کی جانب پیش قدمی کی جائے۔ جہاں تک یہود کا تعلق ہے، مسلمانوں سے ان کی صلح ہو چکی تھی۔ لیکن انہوں نے ہر مرتبہ عہد شکنی کی تھی۔ اس لئے اب قریش کو آزمانا تھا جن سے اب تک مسلمانوں کا کوئی معاہدہ نہیں ہوا تھا۔

اسی تدبر کے پیش نظر ۶ھ میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم چودہ سو مسلمانوں کے ہمراہ ادائے عمرہ کے لئے مدینہ سے مکہ کی جانب روانہ ہوئے۔ ذوالحلیفہ کے مقام پر پہنچ کر حضرت عثمان ذوالنورینؓ کو قریش کے پاس ایلچی بنا کر بھیجا۔ آپ کو کسی نے اطلاع دی کہ امام ذوالنورینؓ شہید کر دیئے گئے ہیں۔ اس پر آپ نے ببول کے ایک درخت کے نیچے مسلمانوں سے بیعت لی کہ اگر لڑنے کی نوبت آ جائے تو وہ لڑنے سے دریغ نہیں کریں گے۔ اس موقع پر حضرت عثمان موجود نہیں تھے آپ نے اپنے ایک ہاتھ کو دوسرے ہاتھ پر رکھ کر کہا کہ

"یہ عثمان کی جانب سے ہے۔"

قرآن مجید میں اس بیعت کو بیعت الشجر اور بیعت الرضوان کے نام سے موسوم کیا گیا ہے۔ قریش کو جب اس بیعت کی خبر ملی تو وہ گھبرا گئے۔ انہوں نے صلح کے لئے مذاکرات کی کوششیں کیں اور سہیل بن عمرو العامری کو مختار کل بنا کر بھیجا کہ جس طرح چاہیں مسلمانوں سے معاملہ کریں۔ بالآخر حسب ذیل شرائط طے پائیں۔

- مسلمان اس سال چلے جائیں۔
- آئندہ سال آئیں۔
- تین دن مکہ میں ٹھہریں۔
- صرف تلوار ساتھ لائیں۔
- یہ صلح دس برس کے لئے ہوگی۔
- قبائل عرب کو یہ اختیار حاصل ہے وہ فریقین میں جس کے ساتھ چاہیں شامل ہو جائیں۔
- اگر کوئی مسلمان مکہ سے مدینہ جائے گا تو اسے واپس کیا جائے گا۔
- کوئی مسلمان مدینہ سے مکہ آئے گا، واپس نہیں کیا جائے گا۔

امام ذوالنورینؓ کی شہادت کی خبر نے مسلمانوں میں جوش پیدا کر دیا تھا جس سے قریش مرعوب ہو کر صلح کی کوشش کی تھی لیکن معاہدہ کے بعد جب اس پر دستخط کرنے باقی تھے کہ سہیل بن عمرو کے لڑکے ابوالجندل جو مسلمان تھے، قریش کی قید سے بھاگ کر مسلمانوں کے پاس آئے سہیل نے اس کی واپسی کا مطالبہ کیا اور حوالے نہ کرنے کی صورت میں معاہدہ کالعدم ہونے کی دھمکی دی۔ یہ بڑا اقدام تھا جو قریش کی جانب سے ہوا۔

دراصل قریش مجبور تھے، وہ مسلمانوں کو کعبہ کا طواف اور عمرہ کے دیگر مراسم سے روک نہیں سکتے تھے۔ حرم ایک ایسی جگہ تھی جس کی زیارت کے لئے وہ عرب کے کسی قبیلے یا گروہ پر پابندی عائد نہیں کر سکتے تھے۔ مسلمانوں سے ان کی زبردست دشمنی چلی آ رہی تھی اور اس کا مظاہرہ بدر، احد اور احزاب میں ہو چکا تھا۔ وہ یہ سبکی برداشت نہیں کر سکتے تھے کہ مسلمان مناسک حج ادا کر کے چلے جائیں۔ مسلمانوں کو روکنا اب ان کے لئے عزت کا مسئلہ بن چکا تھا اور یہ ان کی خوش قسمتی تھی کہ ابوالجندل والے واقعے نے انہیں یہ موقع فراہم کر دیا تھا جس سے فائدہ اٹھا کر سہیل نے دھمکی دی تھی۔

لیکن آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی بصیرت افروز سے قریش کی اس کمزوری کو بھانپ لیا تھا مگر مسلمان بھی صلح کرنے کے لئے مجبور تھے۔ مدینہ کے شمال میں بڑھتے ہوئے صیہونی خطرہ کے پیش نظر انہیں بھی ہر قیمت پر قریش سے صلح کرنی تھی تاکہ ایک طرف سے سکون و آرام میسر آنے کے بعد دوسرے دشمن پر کاری ضرب لگائی جا سکے ورنہ اس امر کا خدشہ تھا کہ کہیں صیہونیوں کا قریش سے اتحاد مسلمانوں کے لئے پریشانی کا باعث نہ بن جائے۔ اسی لئے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ابوالجندل کو سہیل کے حوالے کر کے معاہدہ پر دستخط ثبت کر دیئے اور مدینہ سے واپسی اختیار کی۔ اس طرح آپ کی حکمت عملی نے قریشی اور صیہونی محور کو پاش پاش کر دیا۔

بلاشبہ صلح حدیبیہ فتح مبین تھی۔ بظاہر قریش نے اپنی من مانی شرائط منوالی تھیں لیکن یہی شرائط خود ان کے لئے درد سر بن گئیں۔ معاہدہ کی سب سے کڑی شرط جس سے بعض مسلمان بھی پریشان تھے کہ کوئی مسلمان مکہ سے مدینہ آئے گا تو واپس ہوگا۔ ایک مسلمان ابوالبصیر عتبہ بن اسید مکہ سے بھاگ کر مدینہ آئے۔ قریش نے ان کو لانے کے لئے دو آدمی بھیجے۔ آنحضرتؐ نے معاہدہ کی رو سے ابوالبصیر کو واپس کر دیا راستے میں انہوں نے ایک کو قتل کر دیا اور بھاگ کر مکہ اور مدینہ کے درمیان عیص کے مقام کے قریب جا کر ٹھہرے۔ ابوالجندل بن سہیل اور مکہ کے دیگر مسلمان بھی رفتہ رفتہ وہاں پہنچ گئے۔ یہی راستہ قریش کے تجارتی قافلوں کا تھا۔ قریش کا جو قافلہ وہاں سے گزرتا یہ لوگ لوٹ لیتے۔ آخر تنگ آ کر قریش اس شرط سے باز آئے۔ گویا یہ قریش کی پہلی عہد شکنی تھی۔

صلح حدیبیہ کے بعد آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم مسلمانوں کے ہمراہ خیبر پہنچے اور وہاں کے یہودیوں کی شرانگیز قوت کا قلع قمع کیا۔ خیبر میں یہودیوں کے کئی قلعے تھے جو یکے بعد دیگرے مسلمانوں نے فتح کئے۔ اس فتح کے بعد جزیرۃ العرب میں یہودیوں کی سیاسی برتری کا ہمیشہ ہمیشہ کے لئے خاتمہ ہو گیا اور اب قریش اپنے ایک حلیف سے محروم ہو گئے جو گزشتہ چھ برس سے مسلمانوں کے خلاف قریش کی ہر سازش میں برابر کا شریک کار رہا تھا۔

۶ھ میں صلح حدیبیہ کے وقت مسلمانوں کی تعداد چودہ سو تھی اور یہ تعداد ۱۳ سالہ مکی اور چھ سالہ مدنی دور کی مسلسل کاوشوں کا ثمرہ تھی۔ صلح کے بعد مسلمانوں کی تعداد میں جوق در جوق اضافہ ہوا اور دو سال بعد فتح مکہ کے وقت مسلمانوں کی تعداد دس ہزار تک جا پہنچی۔ نیز قریش کے بڑے بڑے سردار اور با اثر حضرات مدینہ آ کر مشرف باسلام ہوئے جن میں حضرت خالد بن ولیدؓ، حضرت عمرو بن العاصؓ اور حضرت عثمان بن طلحہؓ قابل ذکر ہیں۔ ان کے اسلام لانے کے بعد آپ نے فرمایا کہ

"قریش نے اپنے جگر کے ٹکڑے ہمارے حوالے کر دیئے ہیں۔"

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے دعوت اسلام کے خطوط عرب کے باہر ایران، روم (شام)، مصر اور حبش اور اندرون عرب کے سرداروں اور شیوخ کو بھیجے۔ نتیجہ یہ نکلا کہ عمان، حضرموت کے عرب شیوخ اور حبش کے بادشاہ نجاشی نے اسلام قبول کر لیا اور شام کے ہرقل اعظم اور مصر کے مقوقس نے آپ کے ایلچیوں کے ساتھ اچھا سلوک کیا۔ ایران کے بادشاہ خسرو پرویز نے آپ کے نامہ مبارک کو چاک کر دیا۔ وہ چند برس پہلے ایرانیوں کی عربوں کے ہاتھوں معرکہ ذی قار میں ہونے والی شکست کو بھی بھولا تھا اور بدلہ لینے کے لئے بے قرار تھا۔ قریش کو رومیوں سے کہیں زیادہ ایرانیوں سے ہمدردی تھی۔ مسلمانوں کے ۱۳ سالہ مکی دور میں وہ برابر مسلمانوں کو ایرانیوں کی رومیوں پر مسلسل فتوحات کی خبریں سنا کر چھیڑا کرتے تھے جس پر مسلمانوں کی دلجوئی کے لئے سورۃ روم نازل ہوئی اور حضرت ابوبکرؓ نے قریش سے اس قرآنی پیشگوئی پر باقاعدہ شرط لگائی کہ

"عنقریب رومی غالب آئیں گے۔"

اور یہی ہوا۔ رومیوں نے مسلسل شکست کھانے اور قسطنطنیہ کا محاصرہ ہو جانے کے بعد ہمت نہ ہاری اور مقاومت جاری رکھی جس روز خسرو پرویز نے نینوا کے معرکہ میں ذلت آمیز شکست کھائی اسی روز مسلمان بدر میں فتح مند ہو رہے تھے۔ اس واقعے کے چند برس بعد خسرو پرویز اپنے بیٹے شیرویہ کے ہاتھوں مارا گیا اور یمن ایرانی تسلط سے نجات پا گئی۔ وہاں کے ایرانی حاکم باذان نے اسلام قبول کر لیا۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے دعوت اسلام کے خطوط بھیجنے کا نتیجہ یہ ہوا کہ جزیرۃ العرب اور اس کے باہر اسلام کو فروغ حاصل ہوا۔ صرف مکہ ایک ایسا مقام تھا جہاں ابھی تک ۳۶۰ بتوں کی پرستش ہو رہی تھی۔

ابوالبصیر کے واقعے کے بعد مدینہ سے مکہ آنے جانے پر پابندی ختم ہو چکی تھی۔ مسلمان اور قریش میں قرابت داری تھی۔ اسی بنا پر مسلمان مکہ آتے اور قریش مدینہ جاتے۔ انہیں مسلمانوں کو دیکھنے اور اسلام کی تعلیمات کو جانچنے کے مواقع میسر آتے اور وہ اسلام سے قریب تر ہوتے چلے گئے۔ سنہ ۷ھ میں جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے معاہدہ کے مطابق دوسرے سال عمرہ کی ادائیگی کے لئے تشریف لے گئے تو مسلمانوں کے نظم و ضبط کو دیکھ کر قریش خاصے مرعوب ہوئے۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے خادم حارث بن عمیر کلبیؓ کو دعوت اسلام کا خط دے کر بصریٰ کے حاکم کے پاس بھیجا۔ موتہ کے مقام پر شرحبیل بن عمرو غسانی نے قاصد کو شہید کر دیا۔ سفیر کا قتل بین الاقوامی قانون کی رو سے اعلان جنگ کے مترادف سمجھا جاتا ہے۔ دنیا کی وحشی سے وحشی قوم نے بھی ایلچی کے قتل سے احتراز کیا تھا اور رومیوں نے اپنے کو مہذب اور متمدن سمجھتے ہوئے اس قسم کی جسارت کی تھی جس کا انتقام لینا اہل عصبیت کے لئے لازمی تھا۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے تین ہزار کی جمعیت رومیوں کی جانب روانہ کی اور زید بن حارثہ، جعفر بن ابوطالب اور عبداللہ بن رواحہؓ کو بالترتیب سالار مقرر کیا اور تینوں کے شہید ہونے کی صورت میں مسلمانوں کو اس امر کا اختیار دیا کہ وہ جسے چاہیں اپنا سالار مقرر کر سکتے ہیں۔ موتہ کے مقام پر ایک لاکھ رومیوں سے مسلمانوں کی ٹکر اپنی مثال آپ تھی۔ تینوں سالار میدان کارزار میں شہید ہوئے اور خالد بن ولید نے بڑی خوبصورتی سے دشمن سے لڑتے ہوئے اسلامی لشکر کو دشمن کے نرغے سے حفاظت سے نکال لائے اور دربار رسالت سے سیف اللہ کا لقب پایا۔ اس واقعہ سے قریش پر مسلمانوں کی عسکری برتری مسلم ہو گئی کہ وہ بڑی سے بڑی قوت سے بھی ٹکرا سکتے ہیں۔

جزیرۃ العرب کی آبادی مختلف خاندانوں میں منقسم تھی، اور خاندان کا تعلق ایک خاص شخص سے ہوتا۔ مختلف خاندان مل کر فخذ بنتا اور کئی فخذ ایک بطن سے ہوتے۔ چند بطن کا مجموعہ عمارہ کہلاتا۔ چند عمارہ مل کر ایک قبیلہ اور چند قبیلوں کا تعلق ایک شعب سے ہوتا اور یہاں کے نسب کا انتہائی نقطہ تھا۔ ایک خاندان دوسرے خاندان کے مقابلے میں اور ایک بطن دوسرے بطن کے مقابلے میں مخالفت پر آمادہ ہو جاتے اور باہم نا ختم ہونے والے معرکے شروع ہو جاتے۔ جاہلیت میں آباد قبیلہ خزاعہ اور قبیلہ بکر کی ایک دوسرے سے سخت عداوت تھی۔

صلح حدیبیہ کے موقع پر بکر قریش کے اور خزاعہ مسلمانوں کے حلیف بن گئے تھے۔ بکر نے خزاعہ پر حملہ کیا تو قریش نے ان کے ساتھ مل کر خزاعہ کا قتل عام کیا حتیٰ کہ حرم میں بھی انہیں قتل کرنے سے دریغ نہ کیا۔ خزاعہ مسلمانوں کے حلیف تھے اور اپنے حلیف کی مدد کرنا ان کا فرض تھا۔ اس لئے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے قریش کو تین شرائط پیش کیں کہ ان میں سے کسی ایک کو تسلیم کریں۔

- مقتولین کا خون بہا ادا کیا جائے۔ یا
- قریش بنی بکر کی حمایت سے الگ ہو جائیں یا
- اعلان کر دیا جائے کہ معاہدہ حدیبیہ ٹوٹ گیا۔

یہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی سیاسی بصیرت تھی جس نے قریش کو سوچنے پر مجبور کر دیا۔ جہاں تک مقتولین کے خون بہا کا تعلق ہے۔ ان کی تعداد اس قدر زیادہ تھی کہ قریش اور بنی بکر مل کر بھی ان کی دیت ادا کرنے سے قاصر تھے۔ اس لئے قریش کو یہ شرط کٹھن محسوس ہوئی۔

اب رہی تیسری شرط۔ قریش کو پہلی دو شرائط کے نسبت یہ ذرا آسان محسوس ہوئی۔ اس لئے انہوں نے معاہدہ حدیبیہ کے توڑنے کا اعلان کیا لیکن بعد میں وہ پچھتائے کہ انہوں نے عہد شکنی کی۔ عرب معاشرہ میں عہد شکنی سب سے معیوب چیز سمجھی جاتی ہے۔ قریش نے معاہدہ حدیبیہ کو برقرار رکھنے کے لئے بڑے جتن کئے لیکن اب عرب میں ان کی ساکھ ختم ہو چکی تھی۔

بنی خزاعہ ایک بہت بڑا قبیلہ تھا جس کی کئی شاخیں تھیں۔ حدیبیہ کے موقع پر انہوں نے مسلمانوں کے حلیف کا اعلان کیا تھا۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں وہ حقوق عطا کئے تھے جو مسلمانوں کے تھے۔ ان سے یہ طے ہوا تھا کہ

- ان پر نبیؐ کی مدد واجب ہو گی جب آپؐ ان کو بلائیں
- انہیں ان لوگوں کے خلاف مدد دی جائے گی جو ان پر اچانک دھاوا بول دیں۔
- ان کے خانہ بدوش بدویوں کے وہی حقوق ہوں گے جو ان کی بستیوں میں رہنے والوں کے لئے ہیں
- وہ مہاجر ہی ہیں جہاں کہیں وہ رہیں۔

قریش کا معاہدہ حدیبیہ توڑنے کے بعد آنحضرتؐ دس ہزار مسلمانوں کے ہمراہ مدینہ سے مکہ کی جانب روانہ ہوئے اور مرالظہران میں اترے۔ آپ نے حکم دیا کہ ہر شخص اپنی آگ علیحدہ روشن کرے۔ ابوسفیان بن حرب آکر مسلمان ہوئے۔ آپ نے مکہ میں داخل ہونے سے پہلے اعلان کیا کہ ان لوگوں کو امان دی جاتی ہے جو:

- خانہ کعبہ میں پناہ لے
- ابوسفیان کے گھر میں پناہ لے۔
- جو اپنے گھر کا دروازہ بند کر لے۔
- جو حکیم بن حزام کے گھر میں پناہ لے۔

مسلمان مکہ میں ایک فاتح کی حیثیت سے داخل ہوئے اور خانہ کعبہ کو بتوں سے پاک کیا۔ یہ وہ شہر تھا جہاں انہوں نے تیرہ برس تک قریش کے مظالم سہے تھے۔ آپ نے رواداری کا سلوک کیا اور قریش سے خطاب کیا۔

"تمہارا جاہلیت کا فخر، آباء کے نسب پر بڑائی کا اظہار اب اللہ نے تم سے مٹا دیا۔ سب انسان آدم کی اولاد ہیں اور آدم مٹی سے پیدا ہوئے۔ اللہ نے تم سب کو مرد اور عورت سے پیدا کیا اور شعوب و قبائل میں محض اس لئے تقسیم کر دیا کہ آپس میں ایک دوسرے کو شناخت کر سکو۔ اللہ کے نزدیک مکرم وہی ہے جو زیادہ متقی اور پرہیزگار ہے۔"

نعت رسولِ مقبولؐ

کبھی خیال میں کچھ اس طرح سے ڈھلتا ہے
کہ چاند بن کے وہ ہر شام کو نکلتا ہے

ہر ایک صبح مجھے صبح نو کا مژدہ ہے
کہ شب کو نام لوں تیرا تو دن نکلتا ہے

درود اُس کے لئے ہے سلام اس کے لئے
کہ جس کے نور سے گھر گھر چراغ جلتا ہے

اُداسیو[illegible] رہے اور تنہائی !
میں تیرا نا[illegible]ں تو دم نکلتا ہے

ملی ہیں مجھ کو وہ کرنیں حضورؐ کے در سے
کہ جن کو دیکھ کے سورج تو ہاتھ ملتا ہے

میں پنجتن کی گلی کا فقیر ہوں رضوی
میری صدا پہ زمانہ روش بدلتا ہے

— حسینی رضوی

بلوچستان کے مسئلہ پر کانفرنس اپریل کے پہلے ہفتہ میں بلائی جائیگی

بلوچستان کے نمائندوں کو مدعو نہیں کیا جائے گا، مصطفیٰ کھر سے میرے تعلقات دوستانہ رہیں گے

نئی وفاقی کابینہ میں بعض موجودہ وزیر بھی شامل ہونگے

میں دائیں یا بائیں بازو کا حامی نہیں صرف مسلمان ہوں: وزیر اعظم

راولپنڈی۔ [illegible] بلوچستان کی صورت حال پر ایک کانفرنس ضرور طلب کریں گے اور اس میں صرف حکومت سے متعلق [illegible] ... شرکت کریں گے [illegible]

[illegible] بلوچستان کے بارے میں کانفرنس [illegible] اپریل کے پہلے ہفتے میں [illegible] کانفرنس ضرور طلب کی جائے گی [illegible]

حضرت امام رضاؑ کے روضے کی لائبریری کی تمام کتب کی مائیکروفلمیں تیار کی جائینگی

قدیم قلمی نسخوں کو زمانے کے دست بُرد سے بچانے کی کوشش

تہران۔ [illegible] حضرت امام رضا کے روضے میں نایاب کتب کا جو ذخیرہ ہے اسے ہمیشہ ہمیشہ کے لئے زمانے کی دست برد سے محفوظ کر دیا گیا ہے۔ [illegible] کتب نادر اور بیش قیمت ہیں۔ ان میں سے بعض سائنس، اسلامی فقہ اور دوسرے کئی موضوعات پر ایسی نادر الوجود اور قدیم قلمی کتابوں کے قلمی نسخے موجود ہیں [illegible] ان کتابوں کی مائیکرو فلمیں تیار کرنے کا کام شروع ہو گیا ہے [illegible] ان قدیم قلمی کتابوں میں سے بعض کو [illegible]

[illegible] یہ فیصلہ کیا گیا کہ ان قدیم تاریخی قلمی نسخوں کی مائیکرو فلم تیار کر لی جائیں اور عوام کو ان کے مطالعے کی آزادی ہو اور اصل قلمی نسخوں کو شیشے کی الماریوں میں عوام کی زیارت کے لئے رکھ دیا جائے۔ یاد رہے کہ رضا شاہ پہلوی نے ۲۰ ہزار کتب حضرت امام رضا کے روضے میں لائبریری کے قیام کے لئے دی تھیں۔ ان میں عبادات، حساب، فلسفہ، فقہ اور طب پر نایاب کتابیں بھی شامل ہیں۔ اس لائبریری میں [illegible] صفحات پر مشتمل ایک کتاب شاہ عباس نے [illegible] جس میں مختلف نباتات کے پتوں اور پودوں کی تصویریں اور ان کے فوائد درج ہیں۔

بابائے قوم کی جائیداد

فروخت کر کے رقم وصیت کیمطابق تقسیم کر دی جائے گی: اصفہانی

پشاور [illegible] مارچ کابل میں پاکستان کے سفیر جناب ابو الحسن اصفہانی نے بتایا ہے کہ بابائے قوم حضرت قائد اعظم مرحوم و مغفور کی جائیداد کی فروخت عنقریب شروع کر دی جائے گی تاکہ اس سے جو رقم وصول ہو وہ قائد اعظم مرحوم کی وصیت کے مطابق کراچی کے سندھ مدرسہ اور پشاور یونیورسٹی میں تقسیم کر دی جائے۔

[illegible] قائد اعظم کی جائیداد تقریباً [illegible] لاکھ روپے کی ہوگی [illegible]

قائد اعظم کی دستاویزات

محقق، مفکرین اور طلبہ استفادہ کر سکیں گے

اسلام آباد [illegible] مارچ [illegible] قائد اعظم کے مسودات سے متعلق [illegible] کمیٹی نے فیصلہ کیا ہے کہ قائد اعظم کے جو مسودات وزارت تعلیم کی [illegible] کے پاس ہیں انہیں تحقیقاتی کام کے لیے مورخوں، محققوں اور طلباء کو مہیا کیا جائے۔ اس فیصلے کے تحت ضروری انتظامات کے بعد مسودات تحقیقات کے لیے تاریخ دانوں، مفکروں اور طلباء کے مطالعے کے لیے رکھ دیئے جائیں گے۔ کمیٹی نے یہ فیصلہ بھی کیا ہے کہ مسودات کی فہرست اور قائد اعظم کی تصاویر بھی عوام کو قیمتاً مہیا کی جائیں۔

ہم ترقی پذیر ممالک سے دوستی چاہتے ہیں: مسز اندرا گاندھی

نئی دہلی [illegible] بھارت کی وزیر اعظم مسز اندرا گاندھی نے الزام لگایا ہے کہ دائیں اور بائیں بازو کے انتہا پسند عناصر بھارت میں فسادات کرا رہے ہیں۔ [illegible] ان فسادات کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ [illegible] حکومت کی پالیسیوں کی مخالفت [illegible] [illegible] ترقی پذیر ممالک باہمی دوستی کے ذریعے ہی غربت پر قابو پا سکتے ہیں۔

یوم پاکستان



رحمن، ڈاکٹر ارشد مجید، مسرت مجید، سلیم اور نند و موسیقی دھن ترتیب دے رہے ہیں

شمالی امریکہ کے ہر بڑے شہر میں جہاں پاکستانی بستے ہیں یوم پاکستان منانے کی اطلاعات موصول ہوئی ہیں۔ نیو یارک، شکاگو، لاس اینجلز، کیلگری، ڈیٹرائٹ، مانٹریال سر فہرست ہیں۔

ٹورنٹو میں بھی اس خاص دن کی خوشیوں کو نمایاں شان سے منایا گیا۔ سفیر پاکستان برائے کینیڈا جناب افتخار علی کی جانب سے جلسے کا بندوبست کیا گیا۔ ماسٹر آف سرمونیز ڈاکٹر ارشد مجید تھے۔

بیگم مسرت مجید نے اپنی مدھر آواز میں پاکستانی قومی ترانے اور نغمے گا کر دیار غیر میں تقریباً پندرہ سو (۱۵۰۰) پاکستانی خواتین و حضرات کو محظوظ کیا۔ گٹار نواز امام دین نے ان کا ساتھ دیا۔ رحمن نے [illegible] اور ڈھولک نند و صاحب نے بجائی۔ دونوں ساز ندے قابل تعریف تھے۔



سفیر پاکستان جناب افتخار علی، مسز مجید اور ڈاکٹر مجید

ہیملٹن میں ۲۳ مارچ کا مبارک دن جناب دوست چوہدری کی صدارت میں منایا گیا۔ مہمان خصوصی مرکزی پارلیمنٹ کے ممبر جناب لنکن الگزینڈر تھے۔ جناب لنکن الگزینڈر نے پاکستانی خواتین و حضرات کو اس ملک میں آنے پر خوش آمدید کہتے ہوئے یہاں کے امیگریشن قانون کی وضاحت کی۔ ڈاکٹر نور احمد شیخ نے پاکستان کے ماضی اور حال پر جامع اور پُر اثر تبصرہ کیا۔ بعد میں چائے کے ساتھ ساتھ ایک غیر رسمی مشاعرے کا بندوبست بھی تھا۔

بشیر خان صاحب نے اپنے مخصوص مزاحیہ انداز میں سٹیج جیسی کیا قہقہہ انگریزی [illegible] آور فضا تیار کی۔ پانچ سالہ بیٹے منور تران کی [illegible] ماحول کو حاضرین نے [illegible] اکتاہٹ سی بھی ہوئی۔

جلسے کی کامیابی کا سہرا پاکستان ایڈ ہاک کمیٹی کے ممبران اور ڈاکٹر ارشد مجید کے سر ہے۔



ہماری غلطی

پندرہ مارچ کے صدائے پاکستان میں ٹورنٹو کے پاکستان ریڈنگ سنٹر کی خبر دیتے ہوئے اوقات اور پتہ غلط لکھا گیا۔

پتہ: 54 ALHAMBRA AVENUE
TORONTO - TEL # 533-2171

اوقات: پیر تا جمعہ 9 سے 12 بجے
ہفتہ و اتوار 9 سے 4 بجے

۱۴ مارچ سفیر پاکستان جناب افتخار علی نے ریڈنگ سنٹر میں پاکستانیوں کے ایک گروپ کو خطاب کرتے ہوئے منتظمین کی خدمات کو سراہا اور پاکستان وطن سے اپیل کی کہ اس سنٹر کی کامیابی کے لئے منتظمین کا ہاتھ بٹائیں اور اگر کسی کے پاس فالتو کتابیں اور رسائل ہوں تو سنٹر کو بطور عطیہ دیں کہ دوسرے بھی ان سے مستفید ہو سکیں۔

بارانی میں مسلم کش فساد تین افراد ہلاک، بیس زخمی ہوگئے

نئی دہلی مارچ (ڈ پ) دہلی کے جانب شہر میں آج زبردست مسلم کش فساد ہو گیا۔ جس کے نتیجے میں کم از کم تین افراد کو جان سے مار کر ہلاک کر دیا گیا۔ بیس افراد زخمی ہو گئے۔ جن میں عورتیں اور بچے بھی شامل ہیں۔ پچیس افراد کو گرفتار کر لیا گیا۔ تصادم کے دوران [illegible] کی ابتدائی اور [illegible] ایک مدرسے پر پہنچے

نئی دہلی مارچ (دہلی) ایک سرکاری اطلاع کے مطابق [illegible] بھارت [illegible] ایک اسلامی گاؤں کے [illegible]

متحدہ امارات نے بنگلہ دیش کو تسلیم کر لیا

[illegible] مارچ (ریڈیو رپورٹ) ایک سرکاری اعلان میں بتایا گیا ہے کہ امارات المتحدۃ العربیہ (متحدہ عرب امارات) نے بنگلہ دیش کو تسلیم کر لیا ہے۔ [illegible]

بحرین کی طرف سے پاکستان کو مشترکہ صنعتوں کے قیام کی پیش کش

مشترکہ ایرانی صنعت و تجارت قائم کرنے کی تجویز

کراچی مارچ [illegible] پاکستان کے دورے پر آئے ہوئے بحرین کے وفد نے تجویز پیش کی ہے کہ دونوں ممالک کا مشترکہ ایرانی تجارت قائم کیا جائے۔ [illegible]


لکھنؤ کے فرقہ دارانہ فساد میں ۵ افراد ہلاک، پچیس زخمی

۲۰ مکانوں کو آگ لگا دی گئی : متعدد افراد گرفتار کیے جا چکے ہیں

نئی دہلی مارچ (اے پی پی) بھارتی حکام کے بیان کے مطابق لکھنؤ میں مسلمانوں کے دو فرقوں میں کئی مسلح تصادم ہوئے ہیں جس میں پانچ افراد ہلاک اور ۲۵ زخمی ہوئے۔ فسادات کے دوران میں شہر کے گنجان مسلم آبادی والے علاقے میں ۲۰ دکانوں اور مکانوں کو خاکستر بنا دیا گیا۔ پولیس نے متعدد افراد کو گرفتار کر لیا ہے۔ سارے شہر پر صبح سے شام تک کے لئے کرفیو لگا دیا گیا ہے۔ پولیس نے اس علاقے میں دو مرتبہ گولی چلائی ابھی تک یہ معلوم نہیں ہو سکا اس فائرنگ سے کس قدر افراد ہلاک و مجروح ہوئے۔

بعض ایجنٹوں کو مواصلاتی تنصیبات تباہ کرتے ہوئے رنگے ہاتھوں پکڑا گیا

پاکستان بھارتی فوجی وفد کے دورہ افغانستان پر کڑی نظر رکھے ہوئے ہے



افغان فوج کے افسروں کو بھارت میں تربیت دی جا رہی ہے

پاکستان کے داخلی امور میں مداخلت پر وزیر داخلہ کا اظہار افسوس

کراچی مارچ (اے پی پی) افغانستان کے متعدد ایجنٹوں اور مسلح تخریب کاروں کو پاکستان کی بعض اہم تنصیبات تباہ کرنے کی کوشش کرتے ہوئے رنگے ہاتھوں گرفتار کر لیا گیا ہے۔ یہ انکشاف آج وفاقی وزیر داخلہ خان عبدالقیوم خان نے اسلام آباد سے یہاں پہنچنے پر اخباری نمائندوں سے باتیں کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے بتایا کہ بعض تخریب کاروں نے جو ذرائع مواصلات کو نقصان پہنچانے جا رہے تھے اپنے جرم کا اعتراف کر لیا ہے۔ وزیر داخلہ [illegible]

ایک سوال کے جواب میں وزیر داخلہ نے کہا کہ حکومت پاکستان کو اطلاع موصول ہوئی ہے کہ متعدد افغان فوجی افسروں کو بھارت فوجی تربیتی اداروں میں تربیت دی جا رہی ہے۔ [illegible]

صیہونیت عالم اسلام کی دشمن ہے

مصری پارلیمانی وفد کے قائد کا اعلان

پشاور مارچ (اے پی پی) مصری پارلیمانی وفد کے قائد ڈاکٹر سید علی السید نے [illegible] کہا ہے کہ پاکستان، مصر اور سارا عالم اسلام صیہونیت کو اپنا ایک ساجھا دشمن سمجھتا ہے [illegible]

پیغمبر اسلام کی شان میں گستاخی پر بنگلہ دیش میں شدید احتجاج

دلآزار نظم شائع کرنیوالے اخبارات اور شاعر کے خلاف سخت کارروائی کا مطالبہ

کراچی مارچ (اے پی پی) ڈھاکہ یونیورسٹی کے ایک گستاخ طالب علم داؤد حیدر کی ایک رسوا کن نظم کے خلاف جس میں آنحضرت حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی ذات اقدس پر رکیک حملے کئے گئے [illegible]

عوامی لیگ کے سیکرٹری مطیع الرحمٰن کو ڈھاکہ میں گولی مار کر ہلاک کر دیا گیا

کراچی مارچ (اے پی پی) بنگلہ دیش کی عوامی لیگ کے ترجمان روزنامہ "عوام" ڈھاکہ کی تازہ اشاعت میں شائع شدہ خبر کے مطابق ضلع راجشاہی کی عوامی لیگ کے سیکرٹری مسٹر مطیع الرحمٰن کو [illegible]

شدید علالت کے سبب شیخ مجیب کا دورہ بھارت ملتوی کر دیا گیا

وزیر اعظم بنگلہ دیش آج ایک خاص روسی طیارہ میں علاج کیلئے ماسکو چلے جائیں گے

پچھلے ایک ہفتے سے "بنگلہ بندھو" آکسیجن ٹینٹ میں پڑے ہیں

لندن مارچ (ریڈیو رپورٹ) بنگلہ دیش کے وزیر اعظم شیخ مجیب الرحمٰن ایک خاص روسی طیارے کے ذریعے آج ماسکو جا رہے ہیں جہاں ان کا فوری آپریشن کیا جائے گا۔ [illegible]

SUBSCRIPTION FOR ONE YEAR $6.00

Send cheques to

The Crescent

P. O. Box 296, Station 'H'
Toronto, Ont. M4C 1L0
Canada

Telephone (416) 690-1590

NAME ....

ADDRESS ....

Postal Code ....

PHONE # ....


صدائے پاکستان

"صحافت ایک بہت بڑی قوت ہے جو فائدہ بھی پہنچا سکتی ہے اور نقصان بھی۔
اگر یہ ٹھیک نہج پر ہو تو رائے عامہ کی رہنمائی بھی کر سکتی ہے"

آج بھی انسان کو اپنی گمشدہ جنت ذاتِ والا صفات کے کردار میں ملے گی

نصیر الاحمدی

[illegible]



حضرت رسول مقبول کے روضہ مبارک کی جالیاں۔ بائیں طرف کا بڑا دائرہ رسول اکرم کے مزار مبارک کی نشاندہی کرتا ہے جبکہ دوسرے دو دائرے حضرت ابوبکر صدیقؓ اور حضرت عمر فاروقؓ کے مزارات مبارک ہیں

حیاتِ طیبہ ایک نظر

۲۲ اپریل ۵۷۱ء		پیدائش
تقریباً ایک ہفتہ بعد		حلیمہ سعدیہ کی آغوشِ رضاعت میں
پانچ سال کی عمر میں		پھر آغوشِ مادر میں
چھ	" "	والدہ ماجدہ کا انتقال
آٹھ	" "	دادا عبد المطلب کی وفات
بارہ	" "	شام کا پہلا تجارتی سفر
۲۵	" "	حضرت خدیجہؓ سے نکاح
۳۰	" "	قوم کی طرف سے الامین کا خطاب
۳۵	" "	تمام قبائل کی طرف سے حکم (ثالث) حضرت علیؓ کی کفالت
۳۷	" "	غارِ حرا میں خلوت اور عبادت و تفکر
۴۰	" "	نزولِ وحی
۳ نبوی	۴۳ سال کی عمر میں	چالیس زن و مرد کا اسلام قبول کرنا
۵ نبوی	۴۵ " "	حبشہ کی طرف ہجرت کیلئے صحابہ کو حکم
۶ "	۴۶ " "	حضرت حمزہؓ اور حضرت عمرؓ کا اسلام لانا
۷ "	۴۷ " "	کفارِ قریش کی جانب سے بائیکاٹ اور شعب ابی طالب میں محصور ہونا
۱۰ "	۵۰ " "	معاشرتی مقاطعہ (بائیکاٹ) کا خاتمہ، چچا ابوطالب کا انتقال، حضرت خدیجہؓ کی وفات، تبلیغ اسلام کیلئے طائف کا سفر، حضرت عائشہؓ سے نکاح، معراج کا واقعہ
۱۱ "	۵۱ " "	مدینے کے چھ آدمیوں کا قبول اسلام
۱۲ "	۵۲	مدینے کے بارہ " "
۱۳ "	۵۳ " "	مدینے کے ۷۲ " "
۱۳ "	۵۳ " "	ہجرت مدینہ
۱ ہجری	۵۴ " "	مدینے کے شہری نظم و نسق کی دیکھ بھال
۲ "	۵۵ " "	کفار کا پہلا حملہ (واقعہ بدر)
۳ "	۵۶ " "	کفار کا دوسرا حملہ (واقعہ احد)
۴ "	۵۷ " "	نبی عامر کی چالبازی اور قاریوں کی شہادت
۵ "	۵۸ " "	کفار کا تیسرا حملہ (واقعہ خندق)
۶ "	۵۹ " "	صلح حدیبیہ
۷ "	۶۰ " "	بادشاہوں کو دعوت نامے، فتح خیبر
۸ "	۶۱ " "	موتہ کا واقعہ فتح مکہ اور حنین کا واقعہ
۹ "	۶۲ " "	واقعہ تبوک، مسلمانوں کا حج ادا کرنا
۱۰ "	۶۳ " "	حجۃ الوداع اور مشہور آخری خطبہ
۱۱ "	۶۳ " "	علالت و رحلت

مرسلہ: نور خان یوسف زئی

علامہ محمد اقبالؒ المتوفی ۱۳۵۷ھ / ۱۹۳۸ء

وہ دانائے سبل ختم الرسل مولائے کل جس نے — غبارِ راہ کو بخشا فروغِ وادیٔ سینا

نگاہِ عشق و مستی میں وہی اول وہی آخر — وہی قرآں، وہی فرقاں، وہی یٰسیں، وہی طٰہٰ

شمالی امریکہ میں اردو کا سب سے پہلا اخبار

پندرہ روزہ
صدائے پاکستان
ٹورونٹو
کینیڈا

وزیر اعظم نے پاکستانیوں کو ملازمت کیلئے بیرون ملک بھیجنے کے وسیع منصوبے کی منظوری دیدی

اب غیر ممالک میں پاکستانی باشندوں کو بہتر ملازمتیں مل سکیں گی

پاکستان کے زرمبادلہ کی آمدنی میں زبردست اضافہ ہو جائیگا، سرکاری ترجمان

اسلام آباد۔ ... مارچ (اپ پ) وفاقی وزارت محنت و تعمیرات کے ایک ترجمان کے مطابق وزیر اعظم مسٹر ذوالفقار علی بھٹو نے افرادی قوت بیرونی ملک ... کے سلسلے میں جامع منصوبے کی منظوری دے دی ہے۔ اس منصوبے کے تحت ...

اسلامی بنک کا سرمایہ ۱۲ ارب روپے ہوگا

جدہ ... مارچ۔ پان اسلامک بنک کا جس کی بنیاد لاہور میں منعقدہ اسلامی سربراہی کانفرنس میں رکھی گئی تھی ...

وزیر اعظم بھٹو ۲۸ مارچ کو ایران کے دورے پر


راولپنڈی ... مارچ ...

سابق شاہ فاروق کے صاحبزادے کا عطیہ

قائد اعظم کی زندگی پر مستند کتابیں شائع کرنے کا پروگرام

اسلام آباد ... مارچ (اپ پ) بانی پاکستان قائد اعظم محمد علی جناح ...

مولانا شمس الدین کا قتل سوچی سمجھی سازش معلوم ہوتی ہے



پی آئی اے نے بنگلہ دیش اور بھارت کے لیے پروازوں کی تیاری شروع کردی

پاکستان اور بھارت کے درمیان ۱۹۶۵ء سے فضائی سروس بند ہے

کراچی ... مارچ۔ پاکستان، بنگلہ دیش اور بھارت میں سفارتی، تجارتی اور ثقافتی تعلقات کی بحالی کے امکانات کے پیش نظر پی آئی اے نے بمبئی، دہلی، کلکتہ اور ڈھاکہ کے لئے پروازوں کے متبادل منصوبے تیار کرنے شروع کر دیئے ہیں ...

برطانیہ میں مقیم پاکستانیوں کی بیگمات کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے

شوہروں کے پاس جانے کیلئے اجازت نامے جاری کرنے میں تاخیر پیدا کی جا رہی ہے

راولپنڈی ... مارچ (اپ پ) برطانیہ میں مقیم ہزاروں پاکستانیوں کی بیگمات کو اپنے شوہروں کے پاس برطانیہ جانے ...



شیخ مجیب کی حالت سنبھل گئی
اتوار کو ہسپتال سے فارغ کر دیا جائیگا

FO
VOL. 3
No
19
L
n
tr
HAS
MADE
MISE
BACK
NO C